واقفینِ نَو کی حضور انور کے ساتھ کلاس کا انعقاد

اس کے بعد پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مسجد بیت الاسلام تشریف لے آئے جہاں واقفین نو بچوں کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ کلاس کا انعقاد ہوا۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزم طلحہ ظفر نے کی بعد از اس اس کا اردو ترجمہ عزیزم محمد سلمان خان اور انگریزی ترجمہ عزیزم مدبر جوئیہ نے پیش کیا۔

منتظمین نے حدیث کا عنوان پروگرام میں نہیں رکھا تھا۔ اس پر حضور انور نے فرمایا حدیث رکھنی چاہئے تھی۔ حدیث کے اوپر ہی تقریر تیار ہو جاتی ہے۔ ایسا کونسا مسئلہ ہے۔ کوئی حدیث لے کر اس کی وضاحت کر دیتے تو وہ تقریر بن جاتی۔

اس کے بعد عزیزم عطاء الکریم نے خلافت کی اہمیت کے عنوان پر تقریر کی اور عزیزم کامران سعید نے احمدیت نے دنیا کو کیا دیا کے عنوان پر تقریر کی۔

بعد از اس عزیزم علی شاہان بٹ نے حضرت اقدس مسیح موعود کے منظوم کلام

وہ پیشوا ہمارا جس سے ہے نور سارا
نام اس کا ہے محمدؐ دلبر میرا یہی ہے

کے چند اشعار خوش الحانی سے پڑھ کر سنائے اور عزیزم حمزہ چغتائی نے ان اشعار کا ترجمہ پیش کیا۔

اس کے بعد تین بچوں عزیزم طٰہٰ احمد، مبارز محمود اور ماہر احمد Dheendsa نے ایک Presentation دی۔